COVID-19 ویکسین لگوانے کے لیے ویکسینیشن سنٹر میں جانا

Urdu | اردو

میں COVID-19 ویکسین لگوانے کے لیے ویکسینیشن سنٹر میں جا رہا/رہی ہوں۔

یہ سنٹرصرف COVID-19 ویکسین کے لیے ہیں۔

COVID-19 ویکسین ایک دوائی ہے جو میرے بازو میں ٹیکے (انجیکشن) سے لگائی جائے گی۔

اس سے لوگوں کو COVID-19 لگنے اور اس بیماری کا پھیلاؤ روکنے میں مدد ملے گی۔

یہ لوگوں کو COVID-19 سے شدید بیمار ہونے سے بھی بچا سکتی ہے۔

میرے بڑوں کو اپنے فون پر QR کوڈ استعمال کر کے چیک ان کرنا ہو گا۔
یا وہ میرا نام اور فون نمبر لکھیں گے۔

وہاں کام کرنے والے لوگ میرا ٹمپریچر چیک کر سکتے ہیں۔

شاید وہ میرے ساتھ آنے والے بڑے کا ٹمپریچر بھی چیک کریں۔

اگر میں نے ماسک پہنا ہو تو مجھے ایک نیا ماسک پہننے کو کہا جائے گا۔
میرے ساتھ آنے والے بڑے بھی اپنا ماسک بدلیں گے۔

عمارت میں داخل ہوتے ہوئے مجھے ہینڈ سینیٹائزر استعمال کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

میں اپنا ہینڈ سینیٹائزر بھی استعمال کر سکتا/سکتی ہوں۔

میرے بڑے اور میں ڈیسک پر جائیں گے۔

بڑے وہاں کام کرنے والے لوگوں کے ساتھ کچھ فارم بھریں گے۔

وہاں کام کرنے والا مجھے بتائے گا کہ آگے کیا کرنا ہے۔

وہاں کام کرنے والا مجھے ایک کمرے میں لے جائے گا۔

اگر روشنی بہت تیز ہو تو میں سن گلاسز لگا سکتا/سکتی ہوں یا کیپ پہن سکتا/سکتی ہوں۔

میرے بڑے میرے ساتھ رہ سکتے ہیں۔

میں جہاں چاہوں، بیٹھ سکتا/سکتی ہوں۔

میں اپنے بڑے کی گود میں بیٹھ سکتا/سکتی ہوں۔

میں کرسی پر بیٹھ سکتا/سکتی ہوں۔

یا میں فرش پر بیٹھ سکتا/سکتی ہوں۔

میں کوئی وڈیو دیکھ سکتا/سکتی ہوں۔

میں میوزک سن سکتا/سکتی ہوں۔

میں کھیل سکتا/سکتی ہوں یا اپنے کھلونے کو گلے لگا سکتا/سکتی ہوں۔

نرس میرے بڑوں سے میری صحت کے بارے میں کچھ سوال پوچھے گا/گی۔

نرس مجھ سے جمپر اتارنے یا آستین اوپر چڑھانے کو کہے گا/گی۔

اگر مجھے انجیکشن کی فکر ہو تو میں منہ دوسری جانب موڑ سکتا/سکتی ہوں یا دیوار پر کسی چیز کی طرف دیکھ سکتا/سکتی ہوں۔

میرا بڑا مجھے تسلّی دے سکتا ہے۔

انجیکشن لگنے کے بعد نرس میرے بازو پر بینڈ ایڈ اور/یا تھوڑی سی روئی لگا دے گا/گی۔
پھر میں چاہوں تو دوبارہ جمپر پہن سکتا/سکتی ہوں یا آستین نیچے کر سکتا/سکتی ہوں۔
نرس میرے بڑے کو یہ معلومات پڑھنے کے لیے دے گی کہ انجیکشن کے بعد کیا ذہن میں رکھنا چاہیے۔

دیوار پر ایک درخت کی تصویر بنی ہو گی۔

اسے 'تحفظ کا جادوئی جنگل' کہتے ہیں۔

نرس کے پاس پتوں کی شکل کے سٹیکرز ہوں گے۔

اگر میں چاہوں تو میں ایک پتے جیسے سٹیکر پر اپنا نام لکھ کر اسے درخت پر لگا سکتا/سکتی ہوں۔

میرا بڑا میری مدد کر سکتا ہے۔

میں انتظار کی جگہ پر 15 منٹ انتظار کروں گا/گی۔

انجیکشن لگنے کے بعد انتظار کرنا ہوتا ہے۔

میرا بڑا اپنے فون پر ٹائمر سیٹ کر سکتا ہے۔

میں میوزک سن سکتا/سکتی ہوں، وڈیو دیکھ سکتا/سکتی ہوں یا کوئی fidget آئٹم استعمال کر سکتا/سکتی ہوں۔

جب 15 منٹ گزر جائیں گے تو نرس مجھ سے کچھ سوال پوچھے گا/گی۔

اگر میں چاہوں تو میں نرس کی بجائے اپنے بڑے کو بتا سکتا/سکتی ہوں اور وہ نرس کو میری طرف سے بتا دیں گے۔

اب میں ویکسینیشن سنٹر سے جا سکتا/سکتی ہوں۔

Amaze اور National Disability Services کے اشتراک سے فخریہ پیشکش

Amaze

فون: 03 9657 1600

www.amaze.org.au

ای میل: info@autismconnect.org.au

National Disability Services

فون: 03 8341 4300

www.nds.org.au

ای میل: ndsvic@nds.org.au

اظہار تشکّر
EACH low sensory، بچوں اور بڑوں کے ویکسینیشن کلینک کے تمام عملے کی مدد کے لیے ان کا شکریہ اور اس گھرانے کا بھی شکریہ جنہوں نے یہ وسیلہ تیار کرنے میں شرکت کی۔

یہ سوشل سکرپٹ Amaze اور National Disability Services (NDS) نے Victorian Department of Health اور Victorian Department of Families Fairness and Housing کی مدد سے تخلیق کیا۔

© Amaze 2022